# 06-06-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے آج یدادری بھوانگری ضلع کے آلیر وحلقہ میں 1051 کروڑ روپے مالیت کے ترقیاتی کاموں کا سنگ بنیاد رکھا۔

۲۔ تلنگانہ کے وزیر آبپاشی کیپٹن اتم کمار ریڈی نے آندھراپردیش حکومت کی جانب سے تجویز کردہ بانکا چرلہ ریزرووائر پروجیکٹ کی سختی سے مخالفت کی ہے۔

۳۔ مرکزی وزیر اقلیتی امور کرن رجیجو نے آج نئی دہلی میں وقف جائیدادوں سے متعلق 'امید سنٹرل پورٹل' لانچ کی۔

اور

۴۔ سپریم کورٹ نے نیشنل بورڈ آف اگزامنیشن (این بی ای) کو 3 اگست کو ایک ہی شفٹ میں نیٹ پی جی 2025ء منعقد کرنے کی اجازت دی ہے۔

AICC

اے آئی سی سی تلنگانہ انچارج میناکشی نٹراجن نے آج جوبلی ہلز حیدرآباد میں وزیراعلیٰ ریونت ریڈی سے ان کی رہائش گاہ پر بند کمرہ ملاقات کی۔ یہ ملاقات تقریباً ایک گھنٹے تک جاری رہی۔ اس ملاقات سے سیاسی حلقوں میں کابینہ میں توسیع، ٹی پی سی سی کے کارگذار صدر اور دیگر عہدوں پر تقرریوں کی قیاس آرائیاں زور پکڑ رہی ہیں۔ پارٹی لیڈر اس معاملے پر خاموش ہیں اور اسے معمول کی ملاقات قرار دے رہے ہیں۔ واضح رہے کہ اے آئی سی سی انچارج گزشتہ چند دنوں سے پارٹی کے ارکانِ پارلیمان، ارکانِ اسمبلی اور مختلف حلقوں کے دیگر لیڈروں کے ہمراہ گاندھی بھون میں اجلاس منعقد کر رہی ہیں۔

MAGANTI:

ریاستی وزیر آئی ٹی ڈی سریدھر بابو نے کہا کہ بی آر ایس رکن اسمبلی ماگنٹی گوپی ناتھ کی صحت میں گزشتہ دن کے مقابلہ میں آج بہتری آئی ہے۔ سریدھر بابو نے کہا کہ ڈاکٹروں نے انہیں جانکاری دی کہ رکن اسمبلی پر علاج کا اثر ہو رہا ہے تاہم انہیں آئی سی یو میں وینٹی لیٹر پر ہی رکھا جا رہا ہے۔ اے آئی جی ہاسپٹل کے دورہ کے بعد سریدھر بابو

نے میڈیا کو بتایا کہ دل کا دورہ پڑنے کے بعد گوپی ناتھ کو ہسپتال میں بھرتی کرایا گیا اوران کی انتہائی نگہداشت کی جارہی ہے۔ ریاستی وزیر نے کہا کہ حکومت ان کے علاج کے لئے درکار ضروری تعاون فراہم کرے گی۔ سریدھر بابو نے گوپی ناتھ کو خاص دوست قرار دیتے ہوئے ان کی جلد صحت یابی کیلئے دعا کی۔

RTC

ٹی جی ایس آر ٹی سی نے نمائش گراؤنڈ نا مپلی میں اتوار سے شروع ہونے والے دوروزہ مچھلی کی دوا کی تقسیم کی سالانہ ایونٹ کیلئے خصوصی بسوں کے انتظامات کا اعلان کیا ہے۔ آر ٹی سی کے مطابق حیدر آباد کے مختلف اہم مقامات سے نمائش گراؤنڈ تک 140 خصوصی بسیں چلائی جائیں گی تاکہ ریلوے اسٹیشنوں اور بس اسٹانڈ سے مریضوں اور دیگر افراد کو نمائش گراؤنڈ پہنچنے میں سہولت ہو سکے۔ کاچی گوڑہ ریلوے اسٹیشن اور شمس آباد ایرپورٹ سے اضافی سات بسیں چلائی جائیں گی۔ آر ٹی سی نے لوگوں کی مدد کیلئے فون نمبرات بھی جاری کئے ہیں۔ مسافرین کوٹھی کیلئے 9959226160 اور ریتی فائل بس اسٹیشن کیلئے 9959226154 پر ربط پیدا کر سکتے ہیں۔

WEATHER

تلنگانہ میں جنوب مغربی مانسون کمزور پڑ گیا ہے۔ محکمہ موسمیات نے اپنی روزانہ کی رپورٹ میں آج بتایا کہ ریاست میں آئندہ 7 دنوں تک بعض مقامات پر ہلکی تا اوسط بارش یا گرج چمک ہو سکتی ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ریاست کے ایک یا دو مقامات پر بارش ہوئی ہے۔

CM

وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے آج یدادری بھوانگری ضلع کے ترو ملا پور گاؤں میں 1051 کروڑ روپے مالیت کے ترقیاتی کاموں کا سنگ بنیاد رکھا۔ وزیر اعلیٰ کے ہمراہ کئی وزرا اور سینئر عہدیداروں نے اس موقع پر وزیر اعلیٰ نے 574 کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر کئے جانے والے گنڈ املا ذخیرے آب کی تعمیر کا سنگ بنیاد رکھا۔ انہوں نے 200 کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر کئے جانے والے ینگ انڈیا ریسیڈنشیل اسکول اور یدادری بھوانگری ضلع میں گورنمنٹ میڈیکل کالج کی نئی عمارت کا بھی سنگ بنیاد رکھا۔ میڈیکل کالج کی عمارت 123 کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر کی جائے گی۔ ایک سرکاری بیان میں یہ جانکاری دی گئی ہے۔

SUREKHA

ریاستی وزیر جنگلات کونڈہ سریکھا نے آج کہا کہ پلاسٹک کی آلودگی اب صرف ایک مقامی مسئلہ نہیں رہا بلکہ خوراک کی ضمانت، صحت عامہ اور بائیوڈائیورسٹی کے لئے عالمی خطرہ بن گئی ہے۔ ریاستی وزیر نے سنگل یوس پلاسٹک کے استعمال کو روکنے کی ضرورت پر زور دیا اور شہریوں سے کہا کہ وہ متبادل ماحولیات دوست ذرائع جیسے جوٹ، پیپر، کاٹن بیاگ، اسٹین لیس اسٹیل اور بمبو کا استعمال کریں۔ کونڈہ سریکھا نے تلنگانہ پولیشن کنٹرول بورڈ کی جانب سے صنعت نگر، حیدرآباد میں عالمی یوم ماحولیات کے ضمن میں منعقدہ ایک پروگرام سے خطاب کیا۔ ریاستی وزیر نے کہا کہ ریاست ہندوستان کے سال 2018ء میں سنگل یوس پلاسٹک کے خاتمہ کے عہد کو پورا کرنے کی پابند ہے اور رواں سال اگست میں جنیوا میں پلاسٹک کی آلودگی پر منعقد ہونے جارہی اقوام متحدہ کی کانفرنس کی تیاری کررہی ہے۔ اس موقع پر ماحولیات سے متعلق ایک نمائش کا بھی اہتمام کیا گیا تھا۔ پولیشن بورڈ نے مختلف شعبہ جات جیسے صنعتوں اسپتالوں، گرام پنچایتوں، بلدیات، سیلف ہلپ گروپس، کالجس، اسکولس اور ماحولیات کے لئے کام کرنے والے آفسران کیلئے گرین چمپئن ایوارڈس 2025ء کا اعلان کیا۔

SOUND BYTE

SC - NEET

سپریم کورٹ نے نیشنل بورڈ آف اگزامنیشن (این بی ای) کو 3 اگست کو ایک ہی شفٹ میں نیٹ پی جی 2025ء منعقد کرنے کی اجازت دی ہے۔ اس سے قبل 15 جون کو یہ امتحان منعقد ہونا تھا۔ جسٹس پرشان کمار مشرا اور جسٹس اگسٹین جارج مسیح کی بنچ نے این بی ای کی جانب سے امتحان کے انعقاد کے لئے 2 مہینے کا وقت طلب کرنے پر پہلے تو سوال کھڑے کئے پھر اس کی اجازت دے دی۔ تاہم عدالت نے کہا کہ این بی ای کو نیٹ امتحان منعقد کرنے کے لئے مزید وقت نہیں دیا جائے گا۔

UTTAM

تلنگانہ کے وزیر آبپاشی کیپٹن اتم کمار ریڈی نے آندھرا پردیش حکومت کی جانب سے تجویز کردہ بانکا چرلہ ریزروائر پروجیکٹ کی سختی سے مخالفت کی ہے۔ ریاستی وزیر نے خبردار کیا کہ ریاست تلنگانہ سی بی آئی سے کسی بھی ایسے اقدام کو تسلیم نہیں کرے گی جس سے بین ریاستی آبی معاہدوں اور آئین کی خلاف ورزی ہوتی ہو۔ سکریٹریٹ میں آج میڈیا سے بات کرتے ہوئے اتم کمار ریڈی نے کہا کہ مجوزہ پروجیکٹ سے گوداوری ریور مینجمنٹ بورڈ، سنٹر واٹر کمیشن، اپیکس کونسل کی جانب سے مرتب کردہ قواعد کی خلاف ورزی ہورہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بانکا چرلہ پروجیکٹ تلنگانہ کے آبی حقوق کیلئے خطرہ ہے۔ اتم کمار ریڈی نے کہا کہ تلنگانہ حکومت نے پہلے ہی مرکزی وزیر جل شکتی سی آر پاٹل کو ایک مکتوب کے ذریعہ اپنا اعتراض پیش کردیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مرکزی وزیر نے اپنے جواب میں تلنگانہ کو یقین دلایا کہ قواعد کے مطابق تمام اقدامات کئے جائیں گے۔

UMEED PORTAL

مرکزی وزیر اقلیتی امور کرن رججو نے آج نئی دہلی میں امید سنٹرل پورٹل لانچ کی۔ مختلف مقاصد کے تحت یہ پورٹل شروع کی گئی ہے جس میں نئی وقف املاک کا رجسٹریشن، وقف کی تفصیلات، اوقاف کے رجسٹر کی دیکھ ریکھ، متولی کے اکاؤنٹ سے متعلق تفصیلات شامل رہیں گی۔ اس پورٹل کی اہم خصوصیت یہ ہے کہ وقف اور اس سے جڑی ملکیتوں کے رجسٹریشن کیلئے او ٹی پی ویری فکیشن کے ذریعہ ایک ہی مرحلہ میں رجسٹریشن کی سہولت رہے گی۔ اس موقع پر کرن رججو نے کہا کہ امید سنٹرل پورٹل سے وقف جائیدادوں کے انتظام و انصرام میں شفافیت آئے گی۔

SOUND KIREN RIJIJU

ETALA

بی جے پی کے رکن پارلیمنٹ و سابق وزیر ایٹلا راجندر آج جسٹس پی سی گھوش کمیشن کے سامنے پیش ہوئے۔ یہ کمیشن کالیشورم لفٹ اریگیشن پروجیکٹ میں مبینہ بے قاعدگیوں کی تحقیقات کررہا ہے۔ ایٹلا راجندر بی آر ایس دور حکومت میں سال 15-2014ء تک وزیر خزانہ رہ چکے ہیں۔ وہ آج بی آر کے بھون حیدرآباد میں کمیشن کے روبرو حاضر ہوئے۔ کمیشن دریائے گوداوری پر ایک لاکھ کروڑ روپے سے زائد کی لاگت سے تعمیر کئے گئے

پروجیکٹ میں مبینہ بے قاعدگیوں کی جانچ کے طور پران سے پوچھ تاچھ کی ہے۔سابق وزیرآبپاشی ہریش راؤ 9 جون کو کمیشن کے سامنے پیش ہوں گے۔

RBI

ریزرو بینک آف انڈیا کی مالیاتی پالیسی کمیٹی نے پالیسی ریپوریٹ کو 50 بیسس پوائنٹ کم کرتے ہوئے 5.5 فیصد کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ریپوریٹ میں 50 بیسس پوائنٹ کی کمی کے بعد توقع ہے کہ اِس سے منسلک تمام ای پی ایل آر میں بھی اتنی ہی مارجنگ کی کمی ہوگی۔ بینک بھی اپنی شرحوں میں کمی کرسکتے ہیں۔آر بی آئی گورنر سنجے ملہوترا کے مطابق 4 فیصدسی پی آئی افراط زر کیلئے میڈیم ٹرم کے اہداف کو حاصل کرنے کے لئے یہ فیصلہ کیا گیا ہے۔

YOGA KAMAREDDY

21 جون کو عالمی یوگا دن کی مناسبت سے کاماریڈی ڈسٹرکٹ کلکٹریٹ نے یوگا بیداری اور پریکٹس سیشن کا انعقاد کیا۔محکمہ آیوش نے یہ ایونٹ منعقد کیا۔ یوگا گرو سریندر راؤ نے کہا کہ یوگا سے جسمانی صحت بہتر ہوتی ہے اور ذہنی تناؤ سے راحت ملتی ہے۔

SOUND BYTE.

☆☆☆☆